# 10-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے ٹالی ووڈ اداکاراؤں ، ٹیلی ویژن ہوسٹ ، یوٹیوبرس اور سوشل میڈیا کی دیگر شخصیتوں کے بشمول 29 افراد کے خلاف غیر قانونی بیٹنگ ایپس کو فروغ دینے کے الزام میں ایک مقدمہ درج کرلیا ہے۔

۲۔کرائم انوسٹی گیشن ڈپارٹمنٹ (سی آئی ڈی) نے جعلسازی ، دھوکہ دہی، اعتماد شکنی اور فنڈس کے مبینہ غلط استعمال کے ایک معاملہ میں حیدرآباد کرکٹ اسوسی ایشن کے تین عہدیداروں کی گرفتاری کا اعلان کیا ہے۔

۳۔مرکزی وزارتِ داخلہ کا سرکاری زبان محکمہ کل حیدرآباد میں گولڈن جوبلی تقاریب منعقد کررہا ہے۔

اور

۴۔نیتی آیوگ نے ریاستی سائنس وتکنالوجی کونسلس کو مستحکم کرنے کیلئے آج دہلی میں ایک روڈمیاپ جاری کیا۔

## ED-BETTING

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے ٹالی ووڈ اداکاراؤں ، ٹیلی ویژن ہوسٹ ، یوٹیوبرس اور سوشل میڈیا کی دیگر شخصیتوں کے بشمول 29 افراد کے خلاف غیر قانونی بیٹنگ ایپس کو فروغ دینے کے الزام میں ایک مقدمہ درج کرلیا ہے۔ان افراد پر الزام ہے کہ انہوں نے پبلک گیمبلنگ ایپ 1867ء کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی بیٹنگ ایپس کی حوصلہ افزائی کی۔ پنجہ گٹہ ،میاں پور، سائبرآباد،سوریہ پیٹ اور وشاکھا پٹنم میں پولیس کی جانب سے درج کی گئی پانچ ایف آر آئیز کی بنیاد پر ای ڈی نے منی لانڈرنگ کے انسداد سے متعلق قانون کے تحت یہ کارروائی کی ہے۔ان مشہور شخصیتوں پر الزام ہے کہ انہوں نے جنگلی رمی، A23، جیت وِن، پری میچ، لوٹس 365 اور دیگر پلیٹ فارمس کی حوصلہ افزائی کی جو مبینہ طور پر بڑے پیمانے پر منی لانڈرنگ میں ملوث ہے۔ای سی آئی آر میں جن شخصیتوں کے نام شامل ہیں ان میں اداکار رانا دگوباٹی، پرکاش راج، وجئے دیورکنڈہ، منچو لکشمی، پرنیتا اورندھی اگروال، ٹی وی اور میڈیا شخصیتیں اننیا ناگیلا، سری ہنومنتو اور سری موکھی شامل ہیں۔ڈیجیٹل مواد تیار کرنے والے افراد ہرشا سائی، بیانی یادو، ٹیسٹی تیجا، ریتو چودھری، بنڈارو شیشایانی سپریتا اور یوٹیوب چینل لوکل

بوائے نانی، کرن گوڑ اور اِن پلیٹ فارمس کے پس پردہ کام کرنے والی مینجمنٹ ٹیموں کے نام اِس میں شامل ہیں۔ غیر قانونی بیٹنگ ایپس کی تفریحی یا سماجی خدمت کے پروگراموں کی آڑ میں تشہیر کی گئی۔ اس پر عوام برہمی کا اظہار کیا۔کئی افراد نے پولیس میں شکایت کی کہ انہیں اس کی وجہ سے مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ایک شخص نے شکایت کی کہ یوٹیوب پر اشتہارات سے متاثر ہوکر اس نے بیٹنگ لگائی اور اس کے نتیجہ میں اسے تین کروڑ روپے کا نقصان ہوا۔ اس شکایت کے بعد انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے مقدمہ درج کیا۔

## CID-HCA

کرائم انوسٹی گیشن ڈپارٹمنٹ (سی آئی ڈی) نے جعلسازی، دھوکہ دہی، اعتماد شکنی اور فنڈس کے مبینہ غلط استعمال کے ایک معاملہ میں حیدرآباد کرکٹ اسوسی ایشن کے تین عہدیداروں کی گرفتاری کا اعلان کیا ہے۔تلنگانہ کرکٹ اسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری دھرم گرووا ریڈی کی شکایت پر سی آئی ڈی نے ایچ سی اے کے صدر جگن موہن راؤ ،خزانچی سرینواس راؤ، سی ای او سنیل کانتے، سری چکرا کرکٹ کلب کے جنرل سکریٹری راجندر یادو اور ان کی شریک حیات کویتا سے پوچھ تاچھ کی۔سی آئی ڈی کے عہدیداروں نے بتایا کہ جگ موہن راؤ نے راجندر یادو اور کویتا کی مدد سے سری چکرا کرکٹ کلب کے فرضی دستاویز تیار کئے اور اسے گولی پورہ کرکٹ کلب کے دستاویز کے طور پر پیش کیا۔ انہوں نے گولی پورہ کرکٹ کلب کے صدر کرشنا یادو کے فرضی دستخط کئے تاکہ جگن موہن راؤ حیدرآباد کرکٹ اسوسی ایشن کے صدر بن سکیں۔

## NIMS

نظام انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنس نے کہا ہے کہ گزشتہ دو دن کے دوران آلودہ شراب پینے سے متاثر 31 افراد شریک کئے گئے۔ان میں سے 27 کی حالت مستحکم ہے۔چار مریضوں کا ڈائیلاسیس کیا جارہا ہے۔نمس میں ایک بیان میں بتایا کہ متاثرہ افراد کو تمام ضروری طبی سہولتیں مہیا کی جارہی ہیں۔نمس کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے بتایا کہ ماہرین کی ایک ٹیم ان افراد کی صحت پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

HINDI

مرکزی وزارتِ داخلہ کا سرکاری زبان محکمہ کل حیدرآباد میں گولڈن جوبلی تقاریب منعقد کررہا ہے۔حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محکمہ کی جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر میناکشی جالی نے بتایا کہ یہ پروگرام 26 جون کو دہلی میں منعقدہ تقاریب کا تسلسل ہے۔انہوں نے کہا کہ گچی باؤلی کے جی ایم سی بالا یوگی انڈور اسٹیڈیم میں دکشن سمواد منعقد ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ گولڈن جوبلی سال کے سلسلہ میں منعقدہ مختلف اسپورٹس مقابلوں کے فاتحین کو تہنیت پیش کی جائے گی۔کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی مہمان خصوصی ہوں گے۔راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیرمین ہرونش،مرکزی مملکتی وزیر داخلہ نتیانندرائے اور آندھراپردیش کے ڈپٹی چیف منسٹر پون کلیان شرکت کریں گے۔اس موقع پر پی آئی بی حیدرآباد کی ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل شروتی پاٹل موجود تھیں۔

WEATHER

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ایکادوکا مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ تمام اضلاع میں ایکادوکا مقامات پر تیز ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔کل بھی یہی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔

NITI AAYOG

نیتی آیوگ نے ریاستی سائنس وتکنالوجی کونسلس کو مستحکم کرنے کے لئے آج دہلی میں ایک روڈ میاپ جاری کیا۔سائنس وتکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جندر سنگھ نے نیتی آیوگ کے نائب صدرنشین سومن بیری اور نیتی آیوگ کے رکن ڈاکٹر وی کے سرسوت کے ساتھ مل کر یہ روڈ میاپ جاری کیا۔نیتی آیوگ نے بتایا کہ ملک بھر میں سائنس و تکنالوجی کونسلس کو مستحکم کرنے کیلئے اقدامات کی وضاحت کی گئی ہے۔علاقائی سطح پر نئی سوچ اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کیلئے سائنس وتکنالوجی کونسلس کو مستحکم کیا جائے گا۔

Kumaraswamy

اسٹیل اور بھاری صنعتوں کے مرکزی وزیر ایچ ڈی کمار اسوامی اس مہینہ تلنگانہ کا دورہ کرتے ہوئے سرکاری شعبہ کے مرکزی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے۔ وہ سمنٹ کارپوریشن آف انڈیا اور اسپانج آئرن انڈیا کی تجدید کے امکانات کا جائزہ لیں گے۔ مرکزی وزیر نے یہ بات ریاست کے وزیر صنعت و انفارمیشن ٹکنالوجی سریدھر بابو کو بتائی۔ جنہوں نے کل ان سے دہلی میں ملاقات کی۔ مرکزی وزیر نے سی سی آئی اور ایس آئی آئی کی تجدید کے سلسلہ میں ایک جائزہ اجلاس طلب کیا ہے۔ انہوں نے عادل آباد میں سی سی آئی اور بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے پالونچا میں ایس آئی آئی کی تجدید کیلئے عہدیداروں کو جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ریاستی وزیر کے دفتر سے جاری کئے گئے ایک بیان میں کہا گیا کہ کمار اسوامی نے تلنگانہ کی حکومت کو بھرپور مدد کا یقین دلایا ہے۔

KCR

سابق چیف منسٹر اور بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ کی آج صبح یشودھا ہاسپٹل سوماجی گوڑہ میں شریک کیا گیا۔ ایک ہفتہ میں دوسری مرتبہ انہیں اس ہاسپٹل میں شریک کیا گیا ہے۔ ہاسپٹل کے ذرائع نے بتایا کہ مختلف طبی معائنوں کے لئے کے سی آر کو ہاسپٹل لایا گیا۔ ان کے گردوں کی کارکردگی سے متعلق معائنے کئے جارہے ہیں۔ ہاسپٹل سے میڈیکل بلیٹن کا انتظار ہے۔ اس سے قبل کے سی آر کو تین جولائی کو اسی دواخانہ میں شریک کیا گیا تھا جبکہ وہ بخار سے متاثر تھے۔ ان کے بلڈ شوگر میں اضافہ اور سوڈیم کی سطح میں کمی درج کی گئی تھی۔

OO